# پاکستان والوں کی میقات

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

جوزائرین پاکستان سے عمرہ کرنے کے لیے آتے ہیں، وہ احرام کہاں سے باندھیں؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پاکستان سے عمرہ کے لیے جانے والوں کی میقات (احرام باندھنے کی جگہ) "کوہِ **یلملم**" (جسے آج کل سعدیہ کہتے ہیں) کی محاذات (یعنی سیدھ) ہے، اور یہ میقات دورانِ سفر جہاز میں آتی ہے لہذا اگر احرام کی پابندیوں کو پورا کرسکتے ہیں تو آسانی اسی میں ہے کہ پاکستان کے ایئر پورٹ پر احرام کی چادریں پہن لیں لیکن ابھی احرام کی نیت نہ کریں پھر جب جہاز اڑتے ہوئے کچھ وقت گزر جائے اس وقت نیت کرکے تلبیہ پڑھ لی جائے۔

ردالمحتار میں ہے "(قولہ: والعراقی) ای اھل البصرۃ والکوفۃ وھم اھل العراقین و کذا سائر اھل المشرق" ترجمہ: **یلملم** عراقیوں کے لیے میقات ہے یعنی اہل بصرہ اور اہل کوفہ کے لیے کہ یہی اہلِ عراق ہیں **اور اسی طرح تمام اہلِ مشرق کے لیے یلملم میقات ہے**۔ (ردالمحتار، جلد2، صفحہ475، دارالفکر، بیروت)

بہار شریعت میں ہے "یہ میقاتیں اُن کے لیے بھی ہیں جن کا ذکر ہوا اور انکے علاوہ جو شخص جس میقات سے گزرے اُس کے لیے وہی میقات ہے اور اگر میقات سے نہ گزرا تو جب میقات کے محاذی آئے اس وقت احرام باندھ لے، مثلاً ہندیوں کی میقات کوہِ یَلَملَم کی محاذات ہے۔ اور محاذات میں آنا اُسے خود معلوم نہ ہو تو کسی جاننے والے سے پوچھ کر معلوم کرے اور اگر کوئی ایسا نہ ملے جس سے دریافت کرے تو تحری کرے اگر کسی طرح محاذات کا علم نہ ہو تو مکہ معظمہ جب دو منزل باقی رہے احرام باندھ لے۔" (بہار شریعت، ج 01، حصہ 06، ص 1067، 1068، مکتبۃ المدینہ)

مفتی محمد رفیق الحسنی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "رفیق المناسک" میں لکھتے ہیں: "یلملم: پاکستان، ہندوستان اور یمن کے لوگوں کے لئے جبلِ یلملم مکہ مکرمہ سے جنوب کی جانب تقریبا بتیس میل کے فاصلہ پر میقات ہے آجکل اس کو سعدیہ کہتے ہیں۔" (رفیق المناسک، صفحہ 299، جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم، گلستان جوہر، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3900

**تاریخ اجراء:** 07ذوالحجۃ الحرام1446ھ/04جون2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net